
# سبق - ۱۰




ڈھ



دھ



گھ



کھ

نھ مھ لھ ڑھ رھ

کھ ڑھ رھ ڈھ دھ

نھ مھ لھ گھ



**اساتذہ کے لیے:**

☜ رھ ڑھ لھ مھ نھ کی آوازیں الفاظ کے شروع میں نہیں آتیں۔

## مشق

* آیئے، حروف پڑھیں:

کھ بھ تھ نھ دھ پھ گھ

ٹھ مھ ڈھ جھ چھ ڑھ لھ رھ

* آیئے، نقطے لگا کر الگ الگ حرف بنائیں:

ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ حھ حھ

* آیئے، لفظ پڑھیں:

دُودھ دھوپ گھر گھاس راکھ کھیت

پڑھنا لکھنا کھولنا گھولنا اوڑھنا بچھونا

بڑھنا چڑھنا کھیلنا جھولنا گھومنا پھرنا

ننّھا کمھار چولھا گیارھواں

* آیئے، جملے پڑھیں:

* دھوبی کا گدھا کھو گیا ہے۔ * ایک بوڑھا آدمی آیا تھا۔

* چاقو کی دھار تیز ہے۔ * بابو کھاٹ پر بیٹھا تھا۔ * ڈھول بج رہا ہے۔

* دودھ والا دودھ لایا ہے۔ * احمد نے گیارھویں پاس کر کے بارھویں میں داخلہ لیا۔

* ہکاری حروف:

| | | | |
|---|---|---|---|
| بھ | پھ | تھ | ٹھ |
| دھ | ڈھ | رھ | ڑھ |

| | |
|---|---|
| جھ | چھ |
| کھ | گھ |

| | | |
|---|---|---|
| لھ | مھ | نھ |

**اساتذہ کے لیے:**

☜ طلبہ کو بتایا جائے کہ یہاں اب تک پڑھائے گئے تمام **ہکاری حروف** دیے گئے ہیں۔

## * آیئے، سُنیں اور دُہرائیں:

### ہُوا سویرا




ہُوا سویرا — اُٹھ اُٹھ اُٹھ
مُرغی بولی — کُٹ کُٹ کُٹ




بندر بولا — خُر خُر خُر
اُڑ گئی چِڑیا — پُھر پُھر پُھر



اِکتارا بولے — تُن تُن تُن
کیا کہتا ہے یہ — سُن سُن سُن



ریل چلی ہے — چُھک چُھک چُھک
اسٹیشن آیا — رُک رُک رُک

## * آیئے، پڑھیں:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُس | اُن | دُم | تُم | گُر | مُڑ | کُل | پُل | چُپ | سُن |
| دُکھ | سُکھ | کُچھ | جُھک | بُرا | دُعا | خُدا | جُدا | سُنار | کُمھار |
| اُدھار | سُدھار | پُرانا | بُخار | اُڑنا | اُٹھنا | رُلانا | سُلانا | بُڑھیا | پُڑیا |

**اساتذہ کے لیے:**

☜ یہاں **پیش** کی **آواز** (حرکت) اور **نشان** کا تعارف کرایا گیا ہے۔

## * اکتیس سے چالیس تک گنتی:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱ | ۳۲ | ۳۳ | ۳۴ | ۳۵ | ۳۶ | ۳۷ | ۳۸ | ۳۹ | ۴۰ |
| اِکتیس | بتّیس | تینتیس | چونتیس | پینتیس | چھتّیس | سینتیس | اَڑتیس | اُنتالیس | چالیس |